© rasailojaraid.com



**آبِ رواں** | از جناب سید شمیم حسین صاحب رجز، ایم۔ اے۔ ناشر: ادارۂ تصنیف و تالیف اسلامیہ۔ ۱۸۷ امپور روڈ، لاہور

زیرِ تبصرہ کتاب قرآنِ حکیم کے پارۂ اوّل کے مطالب کی منظوم ترجمانی ہے۔ اس کتاب کی ترتیب یہ ہے کہ سب سے پہلے متن لکھا گیا ہے، پھر اُس کے ساتھ مولانا شاہ رفیع الدینؒ کا ترجمہ درج کیا گیا ہے اور پھر نظم کی صورت میں قرآنِ حکیم کے مضامین کو عام فہم انداز میں بیان کر دیا گیا ہے۔ یہ کام خاصا مشکل ہے لیکن جناب شمیم صاحب کے خلوص اور اُن کی اس سے غیر معمولی دلچسپی نے راستے کی مشکلات کو کافی حد تک آسان بنا دیا ہے۔ اشعار کی زبان سلیس اور موثر ہے لیکن ان میں وہ شعریت پیدا نہیں ہو سکی جو کسی اچھی نظم کی جان ہوتی ہے۔ بعض مقامات پر آیات کی کتابت میں فاحش غلطیاں بھی ہو گئی ہیں۔ مثلاً ص ۳۵ پر اِنِّیْ جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ خَلِیْفَۃً کو اِنِّیْ جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ خَلِیْفَۃً لکھ دیا گیا ہے۔ قرآنِ پاک کی کتابت کے سلسلہ میں غیر معمولی توجہ کی ضرورت ہے۔ کتاب کی قیمت دو روپے آٹھ آنے ہے۔

## ضروری اعلان

ماہ نامہ ترجمان القرآن "منصبِ رسالت نمبر" کے پرچے دفتر میں موجود ہیں۔ جو حضرات منگوانا چاہیں قیمت بذریعہ منی آرڈر بھیج کر یا وی۔ پی سے منگوا سکتے ہیں۔ قیمت فی پرچہ تین روپے پچاس پیسے ہے۔ ایک سے زائد خریدنے والوں کو ۲۵ ٪ کمیشن دیا جائے گا۔

محصول ڈاک بذمہ دفتر ہو گا

مینجر

© rasailojaraid.com